ڈیلی میل میں ایئر انڈیا طیارہ حادثے سے متعلق شائع رپورٹ پر میڈیا کے سوالات کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان کا جواب (جولائی 23، 2025)

جولائی 23، 2025

ڈیلی میل میں شائع ایئر انڈیا طیارہ حادثے سے متعلق رپورٹ پر میڈیا کے سوالات کے جواب میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

ہم نے وہ رپورٹ دیکھی ہے اور جب سے یہ خدشات اور معاملات ہمارے علم میں آئے ہیں، ہم برطانوی فریق کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں. اس المناک حادثے کے بعد متعلقہ حکام نے طے شدہ طریقہ کار اور تکنیکی تقاضوں کے مطابق متاثرین کی شناخت کا کام مکمل کر لیا تھا. تمام مرحومین کے ساتھ انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں اور لاشوں کی حرمت و عزت کا مکمل خیال رکھتے ہوئے برتاؤ کیا گیا. ہم اس معاملے سے متعلق کسی بھی خدشات کو دور کرنے کے لیے برطانوی حکام کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں.

نئی دہلی
جولائی 23، 2025